آپ کیسے ثابت کر سکتے ہیں کہ آپ کی عمر اٹھا رہ سال سے کم ہے؟

آپ اٹالین افسران پر بھروسہ کریں اور اپنے پاس موجود کوئی بھی شناختی کاغذات ان کو دکھائیں۔
ذہن نشین کریں: جعلی کاغذات کا استعمال اٹلی میں جرم ہے۔
اگر آپ کے پاس کوئی کاغذات نہیں ہیں لیکن یہ امکان ہیں کہ آپ اپنے ملک سے کسی کو یہ بھیجنے کا کہیں تو ہمیں بتائیں
ہم آپ کی یہ کاغذات وصول کرنے میں مدد کر سکتے ہیں۔
اگر آپ کے اپنے ملک میں بھی آپ کے کوئی کاغذات نہیں ہیں تو ماہرین کا ایک گروپ (کمیٹی) ایک جائزہ لے گی یہ ثابت کرنے کے لئے کہ آپ کی عمر اٹھارہ سال سے کم ہے۔
اگر کمیٹی اعلان کرے کہ آپ کی عمر اٹھا رہ سال سے زیادہ ہے تو آپ کو اٹلی چھوڑنے کا حکم مل سکتا ہے یا آپ کو مرکز برائے بالغ مہاجرین میں بھیجا جا سکتا ہے۔
ایک مرتبہ آپ وہاں چلے گئے تو اپنے ساتھ بیتنے والے حالات سے وہاں عملے کو آگاہ کریں۔ اگر آپ کی عمر اٹھارہ سال سے کم ہے تو اپنی اصلی عمر ثابت کرنے کے لئے ان سے مدد کی درخواست کریں۔

کیا آپ کی عمر اٹھا رہ سال سے کم ہے؟ کیا آپ اٹلی میں اکیلے ہیں؟

آپ کا حق ہے کہ:

- آپ کو اٹلی سے نہ نکالا جائے
- مرکز برائے بالغ مہاجرین میں اپ کو نہ رکھا جائے
- خاندان کے کسی اہل فرد کے ساتھ رہیں جو اٹلی میں رہتا ہے اور اپ کی دیکھ بھال کرنے کے قابل اور اس پر رضامند ہے۔
- بچوں کے لئے گھر/مرکز میں رہیں جہاں آپ کو کھانے، بستر، سکول جانے کی اور طبی دیکھ بھال کی (بصورت ضرورت) کی سہولت میسر ہو گی۔
- اٹلی میں قیام کے لئے اجازت نامہ لینے کے لئے مدد حاصل کریں۔
- آپ کی زبان میں آپ کے حقوق کی آپ کو اطلاع کے مطلع فرمائیں۔
- سرپرست- ایک بالغ شخص جس کا انتخاب جج کرے گا- جو قانونی طور پر آپ کی نمائندگی کرے گا۔

Foto: Jonathan Hyams / Save the Children

اگر پولیس آپ کی انگلیوں کے نشانات لے تو؟

اٹالین اور یورپی قوانین کے مطابق یہاں کی سرحد میں داخل ہونے والے ہر شخص کی انگلیوں کے نشانات سے شناخت کی جاتی ہے۔ یہ ایک عام کاروائی ہے۔ اس کے متعلق پریشان مت ہوں۔

جب آپ اٹھارہ سال کے ہوں گے تو کیا ہو گا؟

آپ اٹلی میں رہ سکتے ہیں اگر آپ اٹالین زبان سیکھنے اور قوانین کی پاسداری جیسے ضروری مطلوبات پورے کر لیں۔

اگر آپ کا کوئی استحصال کرے یا آپ کو اس کا خطرہ ہو تو آپ کو کیا کرنا چاہیے؟

اگر آپ دھوکے سے اٹلی لائے گئے ہیں یا آپ کو آپ کی مرضی کے خلاف یہاں لایا گیا ہے، اگر آپ کو دھمکایا گیا ہے،
اگر کوئی آپ پر قابو پا لیتا ہے یا آپ کو آپ کی مرضی کے خلاف کام کرنے پر مجبور کرتا ہے، آپ کو ڈرنا نہیں ہے ؛ آپ کی مدد کی جائے گی اور آپ کی حفاظت کی جائے گی۔
آپ کو آپ کا استحصال کرنے والے سے علیحدہ کیا جا سکتا ہے اور آپ کو مرکز برائے کم سن اطفال میں داخل کرایا جا سکتا ہے۔

Foto: Jonathan Hyams / Save the Children

DO YOU NEED HELP?

Contact us!

HELP LINE Numero Verde المهاجرون — Free Line Numéro Gratuite الأطفال — **800 14 10 16**

Lycamobile — **3512 20 20 16**

CIVICO ZERO

- **Roma** (0039) 347 2434799
- **Milano** (0039) 345 0044255
- **Torino** (0039) 342 9500858
- **Catania** (0039) 392 2831798

Fax (0039) 091 8041062

Save the Children

Progetto co-finanziato dall'Unione Europea

MINISTERO DELL'INTERNO

FONDO ASILO, MIGRAZIONE E INTEGRAZIONE (FAMI) 2014-2020

Save the Children

CONOSCI I TUOI DIRITTI?

Do you know your rights?

Ma taqaanaa xuquuqda aad leedahay?

Connais-tu tes droits?

መሰላትካ ትፈልጦምዶ?

از حقوق خود آگاہ مید؟

তোমার অধিকারগুলো কি জানো?

انگریزی ترجمہ (کتابچہ)

آپ بین الاقوامی حفاظت کا کب مطالبہ کر سکتے ہیں؟ اس کا کیا مطلب ہے؟

اگر آپ نے اپنا ملک جنگ کی وجہ سے چھوڑا ہے یا آپ کو نسلی، مذہبی یا قومی امتیاز جیسے مسائل کا سامنا تھا، یا آپ کسی خاص سماجی گروہ کا حصہ تھے یا آپ کی خاص سیاسی رائے کی وجہ سے، یا آپ کو واپس اپنے ملک جانے کی صورت میں خطر ے سے سامنا کرنے کا خوف ہے، تو بین الاقوامی حفاظت کے لئے آپ درخواست کر سکتے ہیں۔

جب آپ اٹلی میں آئیں یا جب آپ مرکز برائے کم سن اطفال میں ہوں تو آپ حفاظت کے لئے درخواست دے سکتے ہیں۔ آپ سے آپ کی ہی زبان میں آپ کی کہانی پوچھی جا سکتی ہے تا کہ آپ واضح کریں کہ آپ نے اپنا ملک کیوں چھوڑا۔ ماہرین کا ایک گروہ (ٹیریٹوریل کمیشن) آپ کی کہانی سن کر اس کا تجزیہ کرے گا۔ آپ کی حالت کی لحاظ سے آپ کو اٹلی میں قیام کا اجازت نامہ مل سکتا ہے۔

کیا اٹلی یا کسی دوسرے یورپی ملک میں آپ کے خاندان کا کوئی فرد ہے؟

آپ قانونی کاروائی کے ذریعے اٹلی یا کسی دوسرے یورپی ملک میں موجود اپنے خاندان کے فرد سے مل سکتے ہیں۔ ہمیں ان کے متعلق بتائیں اور ہمیں ان کے روابط فراہم کریں۔ یہ ضروری ہے کہ وہ آپ کے حقیقی رشتہ دار ہیں اور وہ آپ کی دیکھ بھال کرنے کے قابل اور اس پر رضامند ہیں۔ اگر یہ تمام شرائط اطمینان بخش ہوئیں تو اپ بغیر کسی اخراجات کے اپنے رشتہ داروں سے ملنے کے لئے کاغذات حاصل

کر سکتے ہیں۔ اس کاروائی میں تھوڑا وقت لگ سکتا ہے مگر آپ بالآخر محفوظ طریقے سے ان سے ملنے کے قابل ہوں گے۔ حتیٰ کہ اگر آپ نے پہلے سے ہی اٹلی میں بین الاقوامی حفاظت کے لئے درخواست دے رکھی ہے تب بھی کسی دوسرے ملک میں اپنے رشتہ دار سے آپ مل سکتے ہیں۔